سوال

(605) رکوع اور سجدہ میں غیر مسنون دعائیں پڑھی جا سکتی ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نمازِ فرض میں سجدہ اور رکوع میں 'سُبحَان رَبِّیَ العَظِیمِ' اور 'سُبحَان رَبِّیَ الأَعلٰی' کے علاوہ کوئی اور دعا بھی پڑھی جا سکتی ہے جیسا کہ بعض مقامات پر حضرت عبدا بن عمر رضی اللہ عنہما سے ثابت ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں! اس کے علاوہ بھی وارد ہے، چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے۔ رسول ا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے رکوع اور سجدہ میں یہ دعا پڑھتے تھے۔

'سُبحٰنَکَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمدِکَ اَللّٰهُمَّ اغفِرلِی' صحیح بخاری، باب الدعا فی الرکوع، رقم: ۷۹۴،

سجود السھو (نماز میں بھول جانے کے سجدے)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 528

محدث فتویٰ